AL-NOOR INTERNATIONAL

النور

محبت امانت ہے۔

نگہت ہاشمی

النور پبلیکیشنز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت آدم کے بچوں کی فطرت ہے

محبت انسان کی ضرورت ہے

لیکن

محبت امانت ہے

بے جا محبت امانت میں خیانت ہے

محبت کے لیے رشتہ نکاح اکسیر ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

دو محبت کرنے والوں کے لیے نکاح سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ (سلسلہ احادیث صحیحہ: 624)

محبت اظہار مانگتی ہے، اظہار کرنے سے بڑھتی ہے جب کہ کائنات کی ہر چیز اپنی حد میں ظاہر ہوتی ہے۔ سورج دن میں ظاہر ہوتا ہے، رات میں نہیں، چاند رات میں ظاہر ہوتا ہے دن میں نہیں پھر محبت حد سے باہر کیوں ظاہر ہوتی ہے؟ رشتہ نکاح اللہ تعالیٰ کی حد ہے۔

غیروں کی نقالی اور مشابہت میں اس حد کو کیوں توڑیں؟ ویلنٹائن ڈے پاک رشتے، پاک تعلقات، پاک زندگی کی نفی ہے، غیر قوموں سے مشابہت وہ لوگ اختیار کرتے ہیں جو عقلی طور پر نابالغ ہوں اور شعوری ناپختگی اور نفسیاتی ناہمواریوں کا شکار ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے دل ان سے جڑے ہوتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ

جو کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے وہ ان ہی میں سے ہے (مشکوۃ۔کتاب اللباس 49.2)

مشابہت تو ان ہی لوگوں سے ہوتی ہے جن سے دل اور روح کا تعلق ہوتا ہے **پھر**

کافروں کی مشابہت کیوں؟

کافروں کے تہوار کیوں؟

کیا یہ اپنے خالق سے وفا ہے؟

یہ کیسی محبت ہے جس میں نہ حیا ہے نہ وفا ؟؟؟؟؟